09 اگست 2019ء

**مالی سال 20ء کے پہلے مہینے میں بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے 2 ارب ڈالر کی ترسیلات بھیجیں**

بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے مالی سال 20ء کے پہلے مہینے (جولائی) میں 2,039.30 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے جبکہ گذشتہ برس کی اسی مدت میں 1,981.73 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

جولائی 2019ء میں کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 2,039.30 ملین ڈالر رہی جو کہ جون 2019ء کے مقابلے میں 23.91 فیصد زیادہ جبکہ جولائی 2018ء کے مقابلے میں 2.90 فیصد زائد ہے۔ بلحاظ ملک جولائی 2019ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 470.95 ملین ڈالر، 427.33 ملین ڈالر، 332.37 ملین ڈالر، 299.27 ملین ڈالر، 198.06 ملین ڈالر، اور 58.30 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے، جبکہ جولائی 2018ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 437.48 ملین ڈالر، 446.25 ملین ڈالر، 291.87 ملین ڈالر، 298.51 ملین ڈالر، 199.30 ملین ڈالر اور 64.96 ملین ڈالر تھیں۔ جولائی 2019ء میں ملائیشیا، ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 253.01 ملین ڈالر رہیں جبکہ جولائی 2018ء میں ان ملکوں سے 243.35 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

*******